O

درد کی تحریف کرنا چاہتے ہو
پھر مجھے تصنیف کرنا چاہتے ہو

اب تو میں تکلیف میں ہوں بھی نہیں، تُم
آج کیوں تکلیف کرنا چاہتے ہو

مجھ سے شکوے کی وجہ کیا ڈھونڈتے ہو
غیر کی توصیف کرنا چاہتے ہو

غم کے معنی جاننے کی جُستجُو ہے
ربط کی تعریف کرنا چاہتے ہو

بے کلی سے جی رہے ہو کچھ دنوں سے
کچھ نئی تالیف کرنا چاہتے ہو

https://emad-ahmad.com/